

قولون کے کینسر کی اسکریننگ سے متعلق حقائق نامہ

جانچ کی قسم: ہائی سینسیٹویٹی گائیک بیسڈ فیسل آکلٹ بلڈ ٹیسٹ (HIGH-SENSITIVITY GUAIAC-BASED FECAL OCCULT BLOOD TEST, HSGFOBT)

کسی کو بھی قولون کا کینسر ہو سکتا ہے۔ یہ تمام نسل اور نسلی گروپوں کے لوگوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ معمول کی اسکریننگ کینسر کا بروقت پتہ لگانے میں آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی مدد کر سکتی ہے، تب ان کا علاج کرنا آسان تر ہوتا ہے۔ اسکریننگ قولون میں رسولی یا خلاف معمول افزائش کا پتہ لگا کر اور اس کو نکال کر کینسر کو روکنے میں مدد کر سکتی ہے۔

اسکریننگ کے لیے جانچ کے مختلف اختیارات موجود ہیں۔ اپنے فراہم کنندہ سے بات کرکے آپ کے لیے درست جانچ کا انتخاب کروائیں۔

کون؟ قولون کے کینسر کے اوسط خطرے میں مبتلا بالغ افراد HSgFOBT کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے اپنے خطرے اور کس عمر میں اسکریننگ شروع کی جائے اس بارے میں بات کریں۔ اگر آپ کو قولون کے کینسر کا زیادہ خطرہ ہے تو آپ کو پہلے ہی اسکریننگ کروانی پڑ سکتی ہے یا ہو سکتا ہے یہ جانچ آپ کے لیے درست نہ ہو۔ جانچ کا انتخاب کرنے سے پہلے اپنے فراہم کنندہ سے اپنی طبی اور کنبہ جاتی طبی سرگزشت پر گفتگو کریں۔ اگر آپ کو خطرے کے ان عوامل میں سے کوئی درپیش ہے تو انہیں بتائیں:

- قولون کے کینسر یا کینسر زا رسولی کی سرگزشت
- قولون کے کینسر یا کینسر زا رسولی والے والدین، سگے بھائی بہن، یا بچہ
- فیمیلیل ایڈینومیٹس پولیپوسس (familial adenomatous polyposis, FAP) یا موروثی نان پولیپوسس کولوریکٹل کینسر (hereditary nonpolyposis colorectal cancer, HNPCC)، جس کو لینچ سنڈروم بھی کہا جاتا ہے
- السر زا قولون یا کروہن کا مرض

کیا؟ HSgFOBT پاخانے (فضلہ) پر مبنی جانچ ہے۔ لیب میں ہونے والے تجزیے میں پاخانے (فضلہ) میں خون کی نشانیوں پر نگاہ ڈالی جاتی ہے۔

کب؟ یہ جانچ سال میں ایک بار ہوتی ہے۔ اگر نتائج خلاف معمول ہوں تو آپ کو اس کے بعد جلد ہی فالو اپ قولونو اسکوپی درکار ہوگی۔

کہاں؟ آپ یہ جانچ گھر پر کرتے ہیں۔

کیوں؟ HSgFOBT سے قولون اور مقعد کے کینسر کی نشانیوں کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے کچھ رسولیوں کا بھی پتہ لگ سکتا ہے، یہ ایسی افزائشیں ہوتی ہیں جو آگے چل کر کینسر بن سکتی ہیں۔

کیسے؟ آپ کو جانچ سے چند دن قبل پرہیزی خوراک شروع کرنی پڑ سکتی ہے۔ آپ کو اپنے فراہم کنندہ کی جانب سے ایک کٹ نیز لگاتار تین بار کے رفع حاجت سے پاخانے کا نمونہ جو آپ ایک صاف کنٹینر میں اکٹھا کرتے ہیں، لینے کے طریقے سے متعلق ہدایات ملیں گی۔ کٹ سے اپلیکیٹر استعمال کرکے، آپ کٹ سے نکالی ہوئی سلائیڈ پر یا ٹیسٹ کارڈ پر تھوڑا سا پاخانہ پھیلاتے ہیں۔ آپ کٹ کو تجزیے کے لیے میل کرتے ہیں یا وہ جانچ اپنے فراہم کنندہ کے دفتر کو واپس بھیجتے ہیں۔ آپ کا فراہم کنندہ جانچ کے نتائج کی معنویت پر آپ سے گفتگو کرے گا۔

کیا جانچوں میں خطرات ہیں؟ اس جانچ میں بعض خطرات ہیں۔ آپ جانچ کے نتیجے کے بارے میں فکرمند ہو سکتے ہیں۔ بعض اوقات HSgFOBT سے کینسر کا برقت پتہ لگانے میں مد ملتی ہے۔ دوسرے اوقات میں HSgFOBT کا نتیجہ خلاف معمول ہوگا لیکن فالو اپ قولونو اسکوپی کا نتیجہ نارمل ہوگا۔ خطرات اور فوائد پر اپنے فراہم کنندہ سے گفتگو کریں۔

NYC Health

کون سی اسکریننگ جانچ آپ کے لیے ٹھیک ہے؟

قولون کے کینسر کی اسکریننگ میں تفریقات

جانچ کی قسم

	قولونو اسکوپی	FIT*	HSgFOBT*	FIT-DNA*
جانچ کا نتیجہ				
قولون کے کینسر کا پتہ چل سکتا ہے	✓	✓	✓	✓
قولون کے کینسر کو روک سکتا ہے	✓	*	*	*
اگر نتائج خلاف معمول ہوں تو فالو اپ جانچ (قولونو اسکوپی) مطلوب ہوتی ہے	–	✓	✓	✓
جانچ کا عمل				
آپ یہ جانچ گھر پر کرتے ہیں	–	✓	✓	✓
آپ کو پاخانہ (فضلہ) کو ہاتھ لگانا ہوتا ہے	–	✓	✓	✓
آپ یہ جانچ سال میں ایک بار کرتے ہیں	–	✓	✓	–
آپ یہ جانچ ہر تین سال پر ایک بار کرتے ہیں	–	–	–	✓
آپ یہ جانچ ہر 10 سال پر ایک بار کرتے ہیں	✓	–	–	–
نگہداشت صحت فراہم کنندہ میڈیکل آفس یا ہسپتال میں یہ جانچ کرتا ہے	✓	–	–	–
ایک دن قبل خصوصی خوراک مطلوب ہوتی ہے	✓	–	–	–
چند دن پہلے سے خوراک سے متعلق پابندیاں مطلوب ہوسکتی ہیں	–	–	✓	–
عموماً پہلے انیستھیسیا شامل ہوتا ہے	✓	–	–	–
قولون کے اندر دیکھنے کے لیے ایک طریقہ کار ہے	✓	–	–	–
شاذ و نادر پیچیدگیوں جیسے قولون کی سفتہ کاری یا جریان خون کا خطرہ شامل ہوتا ہے	✓	*	*	*
ہمراہی میں گھر جانا ہوتا ہے	✓	–	–	–

*اگر اس جانچ میں خلاف معمول نتائج نظر آتے ہیں تو قولونو اسکوپی کے ذریعے مزید جانچ درکار ہوتی ہے۔ اگر فالو اپ قولونو اسکوپی سے خلاف معمول افزائش یا رسولی کا پتہ چلتا ہے تو انہیں نکالنے سے کینسر کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

تعریفات:

FIT = فیسل امیونو کیمیکل ٹیسٹ

HSgFOBT = ہائی سینسیٹویٹی گائیک بیسڈ فیسل آکلٹ بلڈ ٹیسٹ

FIT-DNA = ملٹی ٹارگیٹ اسٹول DNA ٹیسٹ

قولون کے کینسر کی جانچ کہاں کروائیں: اسکریننگ کا شیڈول طے کرنے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

ادائیگی: بیشتر بیمہ پلانز، بشمول Medicaid اور Medicare، قولون کے کینسر کی اسکریننگ کا احاطہ کرتے ہیں۔ تاہم، کوریج مختلف ہو سکتی ہے۔ اپنی اسکریننگ ٹیسٹ سے قبل کوریج کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور بیمہ دہندہ سے معلوم کریں۔ اگر آپ کے پاس بیمہ نہیں ہے تو آپ کم یا بلا قیمت کوریج کے لیے سائن اپ کرنے کی خاطر اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ **311** پر کال کر کے پلان کے لیے سائن اپ کرنے میں مفت اعانت حاصل کر سکتے ہیں۔

بغیر بیمہ والے نیو یارک کے باشندے کم یا بلا قیمت اسکریننگ کے اہل ہو سکتے ہیں۔

قولون کے کینسر اور اسکریننگ کے اختیارات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور "colon cancer" (قولون کا کینسر) تلاش کریں۔